Summer Rising 2026

نیو یارک شہر کے طلباء کے لیے موسمِ گرما کا ایک بلامعاوضہ پروگرام اور تعلیمی مہم جوئی!

نیو یارک شہر کے کنڈرگارٹن سے 8 گریڈز کے تمام طلباء تعلیمی سال 26-2025 میں درخواست دینے کے اہل ہیں، جس میں کثیر لسانی متعلمین، تارکینِ وطن طلباء اور معذوری کے حامل طلباء شامل ہیں۔

سمر رائزنگ کا دورانیہ حسبِ ذیل ہے:

- **1 جولائی سے 14 اگست تک** کنڈرگارٹن سے گریڈ 5 کے طلباء کے لیے
- **1 جولائی سے 6 یا 7 اگست تک** گریڈ 6 سے 8 کے طلباء کے لیے

یہ تاریخیں تبدیل ہو سکتی ہیں۔

کسی بھی تبدیلی کی اطلاع اہل خانہ کو براہ راست دی جائے گی۔

نیو یارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) اور محکمۂ نوجوانان و کمیونٹی ترقی (DYCD) نے سمر رائزنگ 2026 کے لیے شراکت داری کی ہے، تاکہ طلباء کے تعلیمی فروغ میں معاونت کی جا سکے اور انہیں بھرپور اور بامقصد تجربات فراہم کیے جا سکیں۔ فیلڈ ٹرپس کے علاوہ، فنونِ لطیفہ کی سرگرمیوں، بیرونی تفریحی سرگرمیوں اور دیگر مواقع کے علاوہ، تمام طلباء کے لیے بلامعاوضہ اور غذائیت سے بھرپور ناشتے اور دوپہر کے کھانے کے انتخابات بھی فراہم کیے جائیں گے۔

اہم تاریخیں

- **3 مارچ، 2026**: درخواست کا دورانیہ کھلے گا
- **27 مارچ، 2026**: درخواست کا دورانیہ بند ہو جائے گا
- **21 اپریل، 2026**: پیشکش جاری کی جائے گی
- **01 جولائی، 2026**: سمر رائزنگ کا آغاز ہو گا

مزید معلومات کے لیے اس ویب سائٹ پر جائیں
schools.nyc.gov/SummerRising

NYC Public Schools
Delivering for you. *Every day. Everywhere.*

DYCD
The Department of Youth & Community Development

مزید معلومات صفحے کی پُشت پر ملاحظہ کریں ◄

T-39508 (Urdu)

NYC Public Schools
Delivering for you. Every day. Everywhere.

DYCD
The Department of Youth & Community Development

سمر رائزنگ 2026 میں درخواست کس طرح دیں

1 MySchools.nyc پر جائیں اور اپنے بچے کو اپنے اکاؤنٹ میں شامل کریں۔

- پہلے سے مائی اسکولز اکاونٹ ہے؟ محض لاگ اِن کریں!
- نیا اکاونٹ بنانے کے لیے، MySchools.nyc پر جائیں اور "نیا اکاونٹ بنائیں" پر کلک کریں۔ مطلوبہ معلومات درج کریں۔
- اپنے بچے کو اپنے اکاونٹ میں شامل کرنے کے لیے، ان کا 9 عددی طالب علم آئی ڈی نمبر اور مائی اسکولز تخلیقی کوڈ درج کریں۔ یہ معلومات آپ اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کرکے حاصل کرسکتے ہیں۔

2 اپنے بچے کی درخواست میں پروگرام شامل کریں۔

- اپنی دلچسپی والے تمام پروگراموں کو اپنے بچے کی درخواست میں شامل کریں تاکہ ان کے پاس پیشکش موصول کرنے کا بہترین امکان ہو۔
- صرف وہی پروگرام درج کریں جس میں آپ اپنے بچے کو حقیقتاً بھیجنا چاہیں گے۔ ان کو اپنی حقیقی ترجیح کی ترتیب میں درج کریں۔

3 اپنی درخواست جمع کروائیں۔

- داخلہ کاروائی پہلے آئیے پہلے پائیے کی بنیاد پر نہیں ہے۔ **جمعہ 27 مارچ رات 11:59** تک کسی بھی وقت درخواست دیں — تمام درخواستوں پر یکساں کاروائی کی جائے گی۔
- اپنی درخواست جمع کروانے کے بعد، آپ کو اس تصدیق کے ساتھ ایک ای میل موصول ہوگی کہ آپ کی درخواست موصول ہو چکی ہے۔
- نتائج اپریل میں جاری کیے جائیں گے۔ اگر آپ کا بچہ پیشکش موصول کرتا ہے تو اسے قبول کرنا یقینی بنائیں۔

سوالات ہیں یا معاونت درکار ہے؟

- یہاں جائیں schools.nyc.gov/SummerRising
- اپنے اسکول سے رابطہ کریں۔

انتظار نہ کریں! منگل **3 مارچ** سے **جمعہ، 27 مارچ** کے دوران اپنے MySchools اکاؤنٹ کے ذریعے سمر رائزنگ کی نشست کے لیے درخواست دیں۔

/nycschools | on.nyc.gov/SummerRising